Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

جلد ۳۳	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۸ ذیقعدہ سنہ ۱۳۳۹ھ مطابق ۲۵ جولائی سنہ ۱۹۲۱ع	نمبر ۳۰

فہرست مضامین

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

گمشدگی مہر

۱۴ جولائی سنہ ۱۹۲۱ع

مثبتہ عرضی مسماۃ ملکہ بیگم باطلاع گمشدگی مہر خود بعد وصول تنخواہ باقی ۱۹۲۱ وکنندہ کرائی جاوے مہر جدید مشعر اسکے کہ مہر جدید سے تنخواہ دیے جایا کرے سررشتہ دیوانی صاحب صدر کو اطلاع فرمائی جاوے نیز مشکلات مظہور جو اکثر دگان خزانہ سے ہوتے رہتے ہین اسوجہ سے گمشدگی مہر کا اعلان ہوجاوے

اور ۱۱ مئی سنہ ۱۹۲۱ء کے بعد اگر کوئی رقعہ وغیرہ اُس مہر کا ہو تو جعلی تصور ہوگے
مہر جدید میں سنہ ۱۹۲۱ء و سنہ ۱۳۳۹ھ کندہ ہین۔

حسب استدعا رسالہ جدید مہر سے تنخواہ ملنے کے متعلق سررشتہ دیوانی صدر مین اطلاع دیگئی۔

تقرر

۱۲ جولائی سنہ ۱۹۲۱ء

حسب عرضداشت صاحب ہوم سکریٹری بہادر رام رچپال بی اے کا تقرر ہائی اسکول مین بمشاہرہ ساٹھ روپیہ ماہوار بجائے ماسٹر شمس الغنی خان بی اے مستعفی بمشاہرہ وار ساٹھ روپیہ ماہوار کے منظور فرمایا گیا۔

رخصت

۱۸ جولائی سنہ ۱۹۲۱ء

بندہ روز کی رخصت صاحب اسسٹنٹ انجنیر برقی روشنی کی بوجہ انتقال والدہ ہوئی کی ۱۳ جولائی سنہ ۱۹۲۱ء سے منظور فرمائی گئی۔

۱۰ جولائی سنہ ۱۹۲۱ء

سید علمدار حسین سپرنٹنڈنٹ میونسپلٹی کی مزید رخصت بیس روز کی بانتظام موجودہ منظور فرمائی گئی۔ اور دس روپیہ ماہوار الاونس صاحبزادہ سید توسل حسین خان بہادر کو بدستور ملیگا۔

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۱۸ جولائی سنہ ۱۹۲۱ء

حاجی محمد ہادی حسن خان پرائیوٹ سکریٹری بہادر کی رخصت ختم ہوگئی۔ لہذا تین ماہ کی رخصت مزید بانتظام موجودہ منظور کیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہون

[illegible]

روبکار اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر واقع ۱۸ جولائی سنہ ۱۹۲۱ء

روئداد جنرل کمیٹی منعقدہ ۳ جون سنہ ۱۹۲۱ء پیش ہوکر ملاحظہ ہوئی۔ ہر ایک امر کی بابت نمبروار بفصلہ ذیل تجویز کیا جاتا ہے۔

(۱) عبدالحکیم یکہ والے کا لائسنس ہمیشہ کے لئے ضبط کیا جائے۔ اور یکہ و جانور چھوڑ دیا جائے۔ اور جمعدار متعینہ یکہ و شکرم کو برائے آیندہ ہدایت کیجائے کہ اس قسم کے وقوعہ کی آیندہ فوراً رپورٹ کیجایا کرے

(۲) و (۳) و (۹) لغایت (۱۴) ملاحظہ ہوا۔

(۳) و (۵) و (۶) و (۷) اصل کاغذات پر حکم صادر ہوچکا ہے۔

(۸) اس معاملہ مین کوئی کارروائی کرنا فی الحال مناسب نہین معلوم ہوتا لہذا۔

حکم ہوا کہ

نقل روئداد کمیٹی اطلاعاً و تعمیلاً خدمت مین میونسپل افسر صاحب مرسل ہو۔ اور نقل انتخاب روئداد کمیٹی نمبر (۱) برای اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

[illegible]

روئداد جنرل میونسپل کمیٹی منعقدہ ۳ جون سنہ ۱۹۲۱ء عالیجناب صاحب ہوم سکریٹری بہادر پریزیڈنٹ کمیٹی

ممبر صاحبان ملازمین	ممبر صاحبان غیر ملازمین
۱- صاحبزادہ سید قدرت علیخان صاحب بہادر میونسپل افسر	۱- مبارک علیخان صاحب جاگیردار
	۲- مولوی اعجاز حسین صاحب وکیل
	۳- لالہ ہرنام سنگھ صاحب ممبر حلقہ
	۴- ساہو شب چرنداس صاحب ممبر حلقہ
	۵- لالہ منی لال صاحب ممبر حلقہ
	۶- عطاء اللہ خان صاحب ممبر حلقہ

امور تصفیہ طلب	تجویزات کمیٹی
۱- مثل عبدالحکیم خان مالک یکہ نمبر ۶۳	یہ مثل جنرل میونسپل کمیٹی میں پیش ہوئی۔

بابت ضبطی لائسنس و نیلام بندوق مع جانور بے عزت کرنے مسماۃ نامعلوم۔

مثل متعلقہ کا جلسہ کمیٹی میں معائنہ کیا گیا۔ مثل میں کسی قسم کا ثبوت تحریری نہیں ہے اور نہ مسماۃ دعویدار ہے۔ اور نہ ضابطہ میں کوئی رپٹ اس وقوعہ کی تحریر ہوئی ہے بلا کسی ثبوت کے ایسی سخت سزا نیلام بندوق و جانور دینا نامناسب معلوم ہوتا ہے عبدالحکیم خان بندوق والے پیشہ بدچلنی ہے تو پہ سپاہی کو فرض ہے کہ ہیئت کی ان کو لائسنس ضبط کرے۔ لہٰذا بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ لائسنس بندوق ہمیشہ کے لئے ضبط ہو جاوے چونکہ حکم ۱۳ مارچ ۱۹۲۱ء نمبری ۶۱ – ۲۶ اجلاس آپ کا نافذ ہو چکا ہے۔ یہ سزا کافی ہے۔ لائسنس کی ضبطی کی کارروائی ہونا چاہئے۔ اور بندوق و جانور چھوڑ دیا جائے۔ جمعدار ستھنیہ بندوق و شکرم کو برائے آئندہ ہدایت کر دیجائے۔ کہ اس قسم کے وقوعہ کی فوراً رپورٹ ضابطہ پیش کی جایا کرے۔

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر واقع ۱۹ جولائی ۱۹۲۱ء

مع نقل نوٹ ناظم صاحب بابت ترمیم قانونی دفعات دستور جامدیہ متعلقہ اضافہ لگان و بیدخلی وغیرہ باظہار سہولت کار و نکتہ موقع تا دیہات اندراج گزٹ کے لئے ایک نقل مطبع سرکاری کو بھیجی جائے۔ اصل واپس ہو۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

نوٹ ناظم صاحب

استصواب حاکم صاحب صدر مرقومہ ۲۸ فروری ۱۹۲۱ء پر ۲۲ مارچ ۱۹۲۱ء کو جو خلاصہ یادداشت استصواب و جواب استصواب اجلاس اعلیٰ جناب صاحب ریونیو سکریٹری بہادر سے قلمبند ہوا ہے۔ ہمراہ یادداشت اعلان جلسہ نیلام ۲ جنوری ۱۹۱۸ء بطور سرکلر بغرض آگاہی جملہ عہدہ داران مال و حکام دیہات باضابطہ مندرج گزٹ ہونا ضروری معلوم ہوتا ہے۔ لہٰذا کاغذات مشمولہ ذریعہ یادداشت ہذا بغرض صدور حکم اندراج گزٹ باجلاس اعلیٰ جناب ریونیو سکریٹری صاحب بہادر پیش ہوں۔ ۲۵ جون ۱۹۲۱ء

(دستخط)

نقل یادداشت اعلان جلسہ نیلام ۲ جنوری ۱۹۱۸ء

۱ - بجز اضافہ کے کوئی مالگزار خفیہ طور پر یا برضامندی یا کسی دوسری پیرایہ میں اضافہ نہ کریگا۔

۲ - رقبہ افتادہ و بنجر کے کاشت مستاجر کو کرانے کا اختیار ہے کہ جسطرح پر چاہے کرائے۔

۳ - اضافہ مجوزہ اوسطاً سب کو تخرچہ ہے۔ لہٰذا اضافہ پر کوئی گو تخرچہ مزید قائم نہ ہوگا۔

۴ - پایکاشتکاران کی شرح باختیار مستاجر ہے۔

۵ - پھیمان کی آراضی کی پیداوار تعدادی صد خام پر اضافہ مجوزہ کا اثر نہ ہوگا۔

۶ - سال رواں میں جس اصول پر نیلام کیا جاتا ہے۔ اسمیں بیدخلی کاشتکار کی ضرورت نہیں ہے۔ بااگر کسی صورت خاص میں کسی مستاجر کو کسی کاشتکار کی بیدخلی کی ضرورت ہو تو اول اجلاس ہذا سے منظوری حاصل کیجائے۔ بلامنظوری اجلاس ہذا کرائے مقدمہ بیدخلی دائر نہ ہو سکیگا۔ البتہ باقیداری کی حالت میں بیدخلی کے لئے اجازت کی ضرورت نہیں ہے۔

۷ - بحالت خلاف ورزی دفعات مندرجہ بالا سرکار کو اختیار ہے کہ گاؤں خام کرے یا کوئی اور حکم صادر فرمائے۔

۸ - آئندہ مستاجران تحصیل وصول لگان ذریعہ مطبوعہ رسیدات کیا کریں۔

چک رسیدات صدر سے چھپوا کر بھیجی جائینگی جو مستاجر اس حکم کے خلاف ورزی کرینگے وہ سخت نظر سے دیکھے جائینگے ۔

یہ دفعہ دیہات نیلام شدہ جلسہ ہذا اور پہلے کے نیلام شدہ دیہات جلد سے متعلق ہوگی ۔

نقل استصواب انچارج حاکم صاحب صدر ذیل مین لکھا جاتا ہے۔ اور بالمقابل ہر نمبر کا جواب توضیحی درج کیا جاتا ہے بخدمت حاکم صاحب صدر ارسال ہو ۔ ۲۶ مارچ سنہ ۱۹۲۱ء

استصواب	جواب استصواب
(۱) کاشتکاران پاہیکاشت پر جبکہ قبل نیلام موضع اضافہ لگان تجویز ہوچکا ہو تو بامنظوری اجلاس اعلیٰ بربنار اضافہ متفقہ بیدخلی دائر ہوسکتا ہے یا نہیں۔	(۱) حصول اجازت ہر حالت مین لازمی ہے۔
(۲) اضافہ لگان مجوزہ قبل اعلان جلسہ نیلام کا اثر اصلی کاشتکاران و پاہیکاشتکاران پر کس مدت تک رہیگا	(۲) ہمیشہ رہیگا در میعاد مستاجری موجودہ تک مزید اضافہ نہو سکیگا۔
(۳) ممانعت بیدخلی قبل یا در شہرت اعلان نیلام ۲ جنوری سنہ ۱۹۲۱ء مین کارروائی دفعہ ۲۵ و ۲۶ دستور عامہ بھی داخل ہے یا نہیں ۔ اور دفعہ ۴۳ و ۴۴ دستور عامہ کی تمام صورتیں بیدخلی سے متعلق رہینگی یا کیا۔	(۳) ممانعت بیدخلی قبل حصول اعلان نیلام کے اثر کو دفعات ۲۵ و ۲۶ وصورتہائے بیدخلی دفعات ۴۳ و ۴۴ دستور عامہ سے صرف ہتقدر تعلق ہے کہ سوائے بیدخلی بعلت بقایا کے دیگر تمام صورتہائے مذکور مین بعد حصول اجازت مطابق دفعات مذکورہ کارروائی ہوگی دفعات ۲۵ و ۲۶ سے اسکو کوئی تعلق نہوگا

(۴) حکم ۱۱ فروری سنہ ۱۹۲۲ء مندرجہ گزٹ نمبر ۱ جلد ۳۲ کے اون دیہات مین جو نہیں کہ دو سال سے کمی اضافہ یا کمی لگان کیجاتی ہے پس حکم مذکور بھی کا تا منظوری ترمیم دستور عامہ کوئی اثر حقوق دخیلکاری پر نہیں پڑیگا اس حکم مین اسکی صراحت کی ضرورت ہے کہ کون کون قسم کی کاشتکار مندرجہ دفعہ ۹ دستور عامہ داخل سمجھی جائیگی ۔

(۴) یہ سوال ہی بیجا ہے اسلئے کہ دفعہ ۹ ب الف دستور عامہ مین لکھا ہے کہ سولہ سال تک با دائے لگان اعد قائم رہے تو ایسے کاشتکار کو حق دخیلکاری حاصل ہوگا۔ حکم ۱۱ فروری سنہ ۱۹۲۲ء مندرجہ گزٹ صاف ہے کہ یہ حکم بھی اوس حق کے حصول کے مانع نہیں ہے

نقشہ بارش ریاست رامپور من ابتدا ۱۶ لغایت ۲۲ جولائی سنہ ۱۹۲۱ء

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۱۶ جولائی سنہ ۱۹۲۱ء یوم شنبہ	۸	۲۱۶	۰	۲۶۴	۰	۲۳۱	۰	۱۸۱	۱۴	۱۵۶	۵	۱۵۹
۱۷ جولائی سنہ ۱۹۲۱ء یوم یکشنبہ	۳۰	۲۴۶	۴	۲۶۸	۱	۲۳۲	۰	۱۸۱	۰	۱۵۶	۱۹	۱۵۸
۱۸ جولائی سنہ ۱۹۲۱ء یوم دوشنبہ	۱۵	۲۶۱	۰	۲۶۸	۲۱	۲۵۳	۱۹	۱۹۹	۳۰	۱۶۶	۳۰	۲۰۸
۱۹ جولائی سنہ ۱۹۲۱ء یوم سہ شنبہ	۰	۲۶۱	۸۲	۳۵۸	۷۲	۳۲۵	۰	۱۹۹	۵	۱۸۲	۰	۱۰۸
۲۰ جولائی سنہ ۱۹۲۱ء یوم چہارشنبہ	۰	۲۶۱	۰	۳۵۸	۰	۳۲۵	۰	۱۹۹	۰	۱۸۲	۲	۲۱۰
۲۱ جولائی سنہ ۱۹۲۱ء یوم پنجشنبہ	۲	۲۶۳	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	۳۲۵	۰	۱۹۹	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	نقشہ نہیں آیا
۲۲ جولائی سنہ ۱۹۲۱ء یوم جمعہ	۱۰	۲۷۳	۰	״	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	״	۰	״

نقشہ اجناس ریاست رامپور من ابتدا ۱۷ لغایت ۲۳ جولائی سنہ ۱۹۲۱ء

نام جنس	خاص تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۰۴	۱۴	۰	۱۰۴	۰	۱۵	
نخود خالص	۱۰۴	۱۰۳	۰	۱۵	۰	۱۵	
نخود کرایہ	۱۵	۱۵	۰	۱۰۵	۰	۱۰۵	
کسیرہ	۱۰۵	۰	۰	۱۰۵	۰	۱۰۵	
ماش	۱۴	۱۳	۰	۱۳	۰	۱۳	
مونگ	۱۰۲	۱۰۲	۰	۱۰۲	۰	۱۳	
مکا	۱۲	۰	۰	۰	۰	۰	
جنی	۰	۰	۰	۱۸	۰	۱۸	
کوجی	۱۶	۰	۰	۱۰۵	۰	۱۶	
مسور	۱۶	۰	۰	۱۶	۰	۱۶	
ارہر	۱۶	۱۵	۰	۱۵	۰	۱۶	
برنج	۱۳	۲و۳	۰	۱۰۳	۰	۱۳	
روغن زرد	۵ چھٹانک	۱۰	۰	۱۰	۰	۲ر۱۱	
روغن سیاہ	۱۱	۱/۱۱	۰	۱۱	۰	۱۱	
روغن کنجد	۱	۱/۱	۰	۱۲	۰	۱/۲	
نمک سانبھر	۱۳	۱۲	۰	۱۱۰	۰	۱۰۱۱	
نمک لاہوری	۰۰۰	۱۶	۰	۶	۰	۱۶	
قند سیاہ	۱۲	۱۲	۰	۱۲	۰	۱۳	
باجرہ	۰	۰	۰		۰ ۰		